14 اپریل 2017ء

## اسٹیٹ بینک کا ایران کے مرکزی بینک کے ساتھ بینکاری اور ادائیگی کے انتظام کا معاہدہ

بینک دولت پاکستان اور اسلامی جمہوریہ ایران مرکزی بینک کے درمیان بینکاری و ادائیگی کے انتظامات کے ایک معاہدے پر تہران میں دستخط کیے گئے ہیں۔ اسٹیٹ بینک کے ڈپٹی گورنر جناب ریاض الدین ریاض اور بینک مرکزی جمہوری اسلامی ایران کے وائس گورنر جناب غلام علی کامیاب نے اپنے اپنے مرکزی بینکوں کی جانب سے معاہدے پر دستخط کیے۔

معاہدے کا مقصد پاکستان اور ایران کے درمیان تجارت کے فروغ کے لیے تجارتی انتظام کا طریقہ کار مہیا کرنا ہے۔ یہ طریقہ کار بین الاقوامی قوانین اور ضوابط کے مطابق اور لیٹر آف کریڈٹ کے ذریعے ہونے والی تجارت کی ادائیگیوں کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

اگلے مرحلے میں دونوں مرکزی بینک اس معاہدے کے تحت اپنے اپنے دائرہ اختیار میں بینکوں کو تجارتی لین دین کے آغاز کے لیے مجاز بینکوں کے طور پر کام کرنے کی دعوت دیں گے۔ اس حوالے سے طریقہ کار کی تفصیل اسٹیٹ بینک جاری کرے گا۔

اسٹیٹ بینک کو امید ہے کہ اس معاہدے سے دونوں ممالک کے تجارتی روابط کو مستحکم کرنے میں مدد ملے گی۔

***